QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر:کیسکو پی آر115 **ژوب قمردین کے پہاڑی علاقہ سے بجلی کی چوری شدہ کنڈکٹرز برآمد**

کوئٹہ:06نومبر2025ء۔۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ گزشتہ روز ایس پی ژوب کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی کی نگرانی میں ژوب قمردین کے علاقے میں بروقت آپریشن کیا گیا۔اس دوران ژوب قمردین کی حدود میں پہاڑی علاقے سے چوری شدہ بجلی کے کنڈکٹرز (تاریں) برآمد کر لئے گئے جنہیں مختلف علاقوں سے بجلی کی لائنوں سے کاٹنے کے بعد جمع کر لئے گئے تھے۔ترجمان نے کہا کہ بجلی کے چوری شدہ سامان کی برآمدگی کے سلسلے میں ژوب پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے تاکہ ملوث ملزمان کی گرفتاری اور اُنکے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔واضح رہے کہ صوبہ کے مختلف علاقوں میں ایک منظّم گروہ بجلی کے ٹرانسمیشن لائنوں سے کنڈکٹرز اور سامان کاٹ کر چوری کر رہے ہیں جن میں سے مختلف علاقوں میں بجلی سامان کی چوری میں ملوث ملزمان بھی گرفتار کر لئے گئے ہیں۔

نمبر:کیسکو پی آر116 **بجلی بند رہنے کی اطلاع**

کوئٹہ:06نومبر2025ء۔۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق مختلف گرڈاسٹیشنز اور ٹرانسمیشن لائنوں پر مرمتی کام کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 9نومبر(بروز اتوار)132Kvنسٹ گرڈاسٹیشن کے شیخ زاید سلطان ہسپتال،نسٹ یونیورسٹی فیڈروں سے صبح9بجے سے دن 12بجے تک بجلی بند رہیگی،اسکے علاوہ اُسی روز کوئٹہ سٹی گرڈاسٹیشن کے اسٹیڈیم فیڈر جبکہ سریاب گرڈ کے نیو جان محمد،اولڈ جان محمد اور اولڈ لیاقت بازار فیڈروں سے صبح10بجے تا دوپہر2بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔کیسکو نے متعلقہ صارفین سے بجلی بندش پر زحمت کیلئے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔